غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

# غزالی نیوز

مرتب کردہ: ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ

شمارہ نمبر 24 اگست 2008ء


### قرآن پاک

(مومنو) جب تک تم ان چیزوں میں سے جو تمھیں عزیز ہیں (راہِ خدا میں) صرف نہ کرو گے کبھی نیکی حاصل نہ کر سکو گے۔اور جو چیز تم صرف کرو گے خدا اس کو جانتا ہے۔ (آلِ عمران:92)

### حدیث پاک

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا ''علم دین سیکھو، اور دینی علم کے لئے وقار و سنجیدگی سیکھو اور جن سے تم دین کا علم حاصل کرو ان سے خاکسارانہ برتاؤ رکھو''۔ (طبرانی)


144/2۔ایف، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔فون: 042-5882939,5850966
E-mail: info@get.org.pk visit us: www.get.org.pk


## حرفِ آغاز

اقراء سے اس امت کی تعلیم کا آغاز ہوا اور اس علم کی روشنی میں انسان نے اپنی منزل کا راستہ پالیا۔وہ راستہ جو کہ وہ اپنی جہالت کی وجہ سے گم کر بیٹھا تھا۔

آج کا انسان پھر اپنی منزل کو کھو بیٹھا ہے۔خوشنما گم کردہ راہوں میں اپنی عمر کے سرمایہ کو لٹا رہا ہے۔ضرورت اس بات کی ہے کہ انسان کو صراط مستقیم دکھایا جائے تا کہ وہ علم حقیقی کی روشنی میں اپنی کھوئی ہوئی منزل کی جانب گامزن ہو سکے۔


غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اسی فکر کے اظہار کا ایک ذریعہ ہے۔نئی نسل کی تعلیم و تربیت کے بنیادی اور حقیقی کام کو ٹرسٹ نے اپنی جدوجہد کا مرکز و محور بنایا ہے۔ہماری آرزو ہے کہ نوجوان نسل ذہنی وجسمانی طور پر صحت مند ہو اور علمی صلاحیت کے ساتھ صالحیت سے بھی آراستہ ہو، ہمارے ڈاکٹر مریض کی نبض پر ہاتھ رکھنے کے ساتھ اس کی دل کی دھڑکنوں کو بھی محسوس کریں، ہمارے انجینئر مشینوں کے محکوم نہیں حاکم بنیں اور ہمارے محنت کش تعلیم کی برکت سے اپنی عزت و عظمت کا سچا شعور پیدا کریں اور یہ اس وقت ممکن ہوگا جب علم و اخلاق اور فکر و عمل کا باہمی رشتہ اور توازن برقرار رہے گا۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے گزشتہ دس سالوں میں پاکستان کی دور دراز اور محروم بستیوں میں علم و عمل کے 278 چراغ روشن کیے۔ان چراغوں کی لو میں 32000 سے زائد طلبا و طالبات اپنے سیرت و کردار کو نکھارنے کے عمل میں مصروف کار ہیں اور ہر گزرتے دن ان چراغوں کی لو روشن سے روشن تر ہوتی جا رہی ہے۔

اتنا کرو کہ سیپ فراہم کرو ہمیں
قطرے بنیں گے کیسے گہر ہم پہ چھوڑ دو

سید وقاص جعفری
صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی سالانہ میٹنگ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سال بھر کے کاموں کا جائزہ اور مستقبل کے اہداف کے تعین کے لیے سالانہ میٹنگ ہوئی جس میں چیئرمین ٹرسٹ، وائس چیئرمین، صدر اور ممبرز بورڈ آف ڈائریکٹرز نے شرکت کی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے صدارت کی اس موقع پر بتایا گیا کہ گوجرانوالہ میں وزیر آباد کے قریب پیر کوٹ خضری اور وائیانوالی میں دو نئے غزالی سکولز کا آغاز ہو گیا ہے۔اسی طرح راولپنڈی کے نواحی علاقوں میں (4) نئے سکولز کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ جاتلی، دلیہہ جرموٹ اور کونتریلہ میں شروع ہونیوالے ان سکولوں سے دیہی علاقوں میں تعلیمی انقلاب لانے کے لیے غزالی ایجوکیشن نے ایک اور قدم بڑھایا ہے پسماندہ علاقوں میں نئے سکولز کے آغاز سے ٹرسٹ کے زیر سایہ سکولوں کی تعداد 278 ہو گئی ہے۔جس پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر کو مبارکباد دی گئی اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی اس انقلابی کاوش پر مجموعی طور پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔اس موقع پر شعبہ پریپ، آر ایم ڈی، آر اینڈ ڈی، آئی ٹی، ایل اے سی ڈی اور فنانس کے ذمہ داران نے اپنی گزشتہ کارکردگی کا جائزہ اور آئندہ سال کی پلاننگ پیش کی۔نیٹ ورک میں مزید بہتری لانے اور کمزور پہلوؤں پر قابو پانے کے لیے تجاویز دی گئیں۔میٹنگ میں ٹرسٹ کے سکولوں کی بروقت ضروریات کے سلسلے میں روابط کو مزید موثر بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ان ضروریات میں اہم ترین اساتذہ کی جدید تعلیمی رجحانات پر تربیت، سکولوں میں لیبارٹریز، کمپیوٹرز اور لائبریریز کا قیام، صاف پانی کی فراہمی فرسٹ ایڈ کے سامان کی فراہمی اور تربیت، صحت کی نگہداشت کی بنیادی تربیت، کھیلوں کے سامان کی فراہمی قابل ذکر ہیں۔



لاہور: لیاقت بلوچ، سید عامر محمود، عامر چیمہ اور حافظ شبیر الدین سالانہ میٹنگ کے دوران


## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز 79 ج۔ب فیصل آباد اور میانوال رانجھا منڈی بہاؤالدین کا منفرد اعزاز

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول 79 ج۔ب فیصل آباد کے پانچویں کلاس کے 14 ہونہار طلبا و طالبات نے وظیفہ کا امتحان پاس کیا۔ثنا اقبال، صبا خالد، ماریہ دلبر، سمیعہ افضل، فلک ناز ارشد، ثانیہ لطیف، سرمد جاوید، عائشہ، نبیل احمد، فیاض احمد، علی ارسلان، طیب حسن، فرح نور، نبیلہ ظہور نے مجموعی طور پر ایک لاکھ دس ہزار کے وظائف حاصل کیے۔ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر فیصل آباد نے طلبا و طالبات میں وظائف تقسیم کیے۔اسی طرح میانوال رانجھا سکول کے طلبا نے بورڈ میں پہلی تین پوزیشنیں حاصل کی ہیں۔جبکہ نویں اور دسویں پوزیشن بھی اسی سکول کے نام رہی۔سکول کے ہونہار طلبا عامر شہزاد، محمد فرقان، احسن شہزاد، شاہد عمران، حسن رضا نے بالترتیب پہلی، دوسری، تیسری، نویں اور دسویں پوزیشن حاصل کی۔غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے مرکزی دفتر کی طرف سے طلبا و طالبات، اساتذہ، والدین، ڈسٹرکٹ مینیجر زنذیر احمد صدیقی، عبدالحلیم قاضی اور پرنسپلز محمد ندیم اور فیاض رانجھا کو مبارکباد دی جاتی ہے۔

# ڈاکٹر اشتیاق گوندل کا دورہ بحرین و متحدہ عرب امارات

وائس چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق گوندل نے گذشتہ ماہ بحرین و متحدہ عرب امارات کا دورہ کیا جہاں انہوں نے پاکستانی کمیونٹی کو غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی پاکستان کے دیہی علاقوں میں تعلیمی جدوجہد سے متعارف کروایا۔ انہوں نے بحرین میں چار روزہ قیام کے دوران جمیعۃ الاصلاح کے ذمہ داران سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ساتھ مشترکہ تعلیمی منصوبوں کے بارے میں گفتگو کی اور انہیں مزید آگے بڑھانے کے لیے غور و فکر کیا۔ بحرین میں محمد مزمل کی رہائش گاہ پر پاکستانی خواتین کی کثیر تعداد نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں کی دستاویزی فلم دیکھی۔ ڈاکٹر اشتیاق گوندل نے خواتین کو ٹرسٹ کے اغراض و مقاصد کے بارے میں آگاہ کیا۔ بحرین میں مختلف محکموں کے نمایاں افراد کے ساتھ حاجی افضل نسیم کی رہائش گاہ پر نشست ہوئی۔ ابوظہبی میں قیام کے دوران وائس چیئرمین نے پاکستان میں تعلیم کا مستقبل، کے موضوع پر سیمینار سے خطاب کیا۔ اسلامک سنٹر میں منعقدہ سیمینار میں پاکستان سے تعلق رکھنے والی بزنس کمیونٹی کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ڈاکٹر اشتیاق گوندل نے دبئی میں پاکستان ایسوسی ایشن کی طرف سے عشائیہ میں شرکت کی۔ سرکردہ پاکستانیوں کی اس تنظیم کے صدر چوہدری ریاض فاروق ساہی نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی سرگرمیوں کی تعریف کی۔ دریں اثنا ڈاکٹر اشتیاق گوندل نے شارجہ اور دبئی میں پرائیویٹ سکولز کے (3) سیمناروں میں شرکت کی اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی تعلیمی جدوجہد کا تعارف کروایا۔

## سید عامر محمود، عامر چیمہ کا دورہ یورپ



سٹاک ہوم: ذمہ داران ٹرسٹ، چودھری اخلاق اور محمد کلیم کے ہمراہ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود اور ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ نے یورپی مما لک سویڈن ، ناروے، فرانس اور جرمنی کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے اوسلو، سٹاک ہوم ،ہیمبرگ، فرینکفرٹ، پیرس اور بارسلونا میں مختلف احباب کو ملاقاتوں میں ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں پر پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اوسلو (ناروے) میں سید عامر محمود اور عامر چیمہ نے سید رضوان احمد (صدر اسلامک کلچرل سنٹر ناروے)، میاں وقاص وحید، چودھری اظہر علی، محمد طیب میاں، نذر حسین عباس ، افتخار احمد اور دیگر احباب سے ملاقات کی۔ سویڈن کے دارلحکومت سٹاک ہوم میں معروف سماجی شخصیت چودھری محمد اخلاق اور محمد کلیم نے ٹرسٹ کے کاموں کے لیے اپنا دست تعاون دراز کیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے مسجد عائشہ اور خواتین کے دروس قرآن کی نشست میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا تعارف کروایا۔ جرمنی کے شہر ہیمبرگ میں اسلامک کلچرل سنٹر کی ایک نشست میں تمام احباب نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے کاموں کو سراہا اور اسلامک سنٹر اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے مشترکہ پلیٹ فارم سے تعلیمی صورتحال کی بہتری کے لیے کام کرنے کا عزم کیا گیا۔ دورے کے دوران محمد اکرم اور ان کے اہل خانہ کے علاوہ خاور خورشید منہاس اور صدر اسلامک کلچرل سنٹر ہیمبرگ و دیگر احباب کا تعاون اور رہنمائی حاصل رہی۔

## پاکستان میں تعلیمی انقلاب کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ سید عامر محمود

پاکستان میں تعلیمی انقلاب کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے دس سال کی قلیل مدت میں تین سو کے قریب سکول قائم کر دیے ہیں جو پسماندہ علاقوں میں علم کی شمعیں روشن کر رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے دورہ برطانیہ کے دوران پاکستانی کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے برطانیہ میں مختلف فورمز کے موقع پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے اغراض و مقاصد اور پاکستان کی موجودہ تعلیمی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ برطانیہ میں پاکستانی کمیونٹی اور مختلف فلاحی اداروں سے ٹرسٹ کے لیے تعاون کا حصول بھی ان کے دورے کا مقصد تھا۔ دورے کے دوران سید عامر کو اسلامک مشن یو کے کا خصوصی تعاون حاصل رہا۔



## غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں فہم قرآن و سنت ورکشاپ و تقریب ختم تفسیر القرآن کا انعقاد

غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں فہم قرآن و سنت ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سید وقاص جعفری، سابق ایم این اے ڈاکٹر فرید پراچہ نے قرآن کے دائمی پیغام پر روشنی ڈالی مقررین نے سیرت مصطفی ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی۔ اور شرکا سے قرآن و سنت کو اپنے عمل کا محور بنانے کی تلقین کی۔ ڈائریکٹر غزالی کالج عبدالسلام نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء کو سرٹیفیکیٹس دے گئے۔ اسی طرح کالج کے تفسیر قرآن سیشن 08-2006 کے اختتام پر سابق ممبر قومی اسمبلی میاں محمد اسلم، ڈین فیکلٹی آف اسلامک سٹڈیز اوپن یونیورسٹی ڈاکٹر باقر خان خاکوانی، پروفیسر شریعہ فیکلٹی بین الاقوامی یونیورسٹی ڈاکٹر حافظ محمد انور مہمانان خصوصی تھے۔ مہمانوں نے دنیاوی و اخروی زندگی کی کامیابی کے لیے قرآن تعلیمات پر عمل کرنے کی تلقین کی۔ انہوں نے ڈائریکٹر غزالی کالج عبدالسلام اور طالبات کو مبارکباد دی۔ شرکا اور اساتذہ میں شیلڈز اور انعامات تقسیم کیے گئے۔

# لیڈرشپ ٹریننگ ورکشاپ برائے پرنسپلز

ہیئر ٹریننگ سنٹر میں شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام لیڈرشپ ٹریننگ ورکشاپ برائے پرنسپلز کا اہتمام کیا گیا۔ تین روزہ ورکشاپ میں ٹرسٹ کے مختلف سکولز سے 40 پرنسپلز نے شرکت کی۔ سید وقاص جعفری، ڈاکٹر اشتیاق گوندل، جمشید علی خان، مشتاق مانگٹ، پروفیسر احمد شیر اعوان، عامر چیمہ، سید عامر محمود، ڈاکٹر ادریس، شہید الحق ظفر آصف وسیم، جولیس وارڈ، عامر شہزاد، ندیم باجوہ، ضیا اللہ شاہین، طارق جاوید، عمران خلیل نے ورکشاپ کے مقاصد، غزالی یجوکیشن ٹرسٹ کے اغراض ومقاصد، سکول کی خود کفالت کیوں اور کیسے، آئی ٹی میں مہارت سکول لیڈرشپ ۔۔۔ کرنے کے کام، مثالی معاشرے کے قیام میں غزالی سکولز کا کردار، طلبا کی اخلاقی تربیت نشونما، سکول کی کامیابی میں مقامی آبادی کا کردار، موجودہ تعلیمی صورتحال، سکول کا انتظام وانصرام، ٹیم ورک ۔۔۔ سکول کے تناظر میں، ریکارڈ رکھنا ۔۔ کیوں اور کیسے، معیار کیوں اور کیسے کے موضوعات پر خطاب کیا۔ اس کے علاوہ پرنسپلز کے لیے درس قرآن اور گروپ ورک کا اہتمام بھی کیا گیا۔ تمام شرکاء نے پروگراموں اور انتظامات پر گہرے اطمینان کا اظہار کیا۔




## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کردی

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے سالانہ کارکردگی رپورٹ (2006-07) جاری کردی ہے۔ رپورٹ میں تمام شعبوں، غزالی کالجز اور زلزلہ زدہ علاقوں میں ٹرسٹ کی تعلیمی کارکردگی کا جائزہ دیا گیا ہے۔ 30 صفحات پر مشتمل غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی جامع رپورٹ کو مختلف اداروں اور افراد کی طرف سے سراہا گیا ہے۔ اس سلسلے میں بیرون ممالک سے بھی رپورٹ پر پسندیدگی کے خطوط حاصل ہوئے ہیں۔ جن میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے صدر سید وقاص جعفری، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود اور پوری ٹیم کو مبارکباد دی گئی ہے۔

## دورہ سرگودھا سکولز

شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کے سراج الرحمٰن، جولیس وارڈ نے ڈسٹرکٹ مینیجر وقار احمد گوندل کے ہمراہ سرگودھا کے سکولز دھریمہ، چک ۵۴، ۵۷ اور انگہ سکولز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وی ایس او کے رضا کار جولیس وارڈ نے کلاسز، اساتذہ اور طلبہ وطالبات کی تعلیمی، انتظامی اور پیشہ وارنہ کارکردگی کا جائزہ لیا اور تجاویز دیں۔

## رضی الدین شیخ اور فضل رحمٰن کے خصوصی تعاون سے غزالی سکول کرباٹھ کی خستہ عمارت کی تعمیر نو کا آغاز

غزالی سکول کرباٹھ لاہور کی عمارت کی تعمیر نو کا آغاز ہو گیا ہے۔ قبل ازیں مذکورہ عمارت کی حالت اچھی نہ تھی۔ شعبہ لینڈ ایکوزیشن اینڈ کنسٹرکشن (LACD) کے تحت مذکورہ عمارت کی میں نئے کمرہ کی تعمیر سمیت دیواروں، چھت، فرش اور وائرنگ کی از سر نو مرمت اور تعمیر کی جائے گی۔ سکول کی عمارت کی تعمیر کے لیے رضی الدین شیخ اور فضل رحمٰن کا خصوصی تعاون حاصل ہے۔




مری: ڈاکٹر اشتیاق گوندل، ڈسٹرکٹ مینیجرز سے خطاب کر رہے ہیں۔

## ڈسٹرکٹ مینیجرز کا سالانہ پلاننگ اجلاس

پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام کے زیر انتظام ڈسٹرکٹ مینیجرز کی سالانہ میٹنگ مری میں ہوئی۔ مینیجر پریپ شہد الحق ظفر نے صدارت کی۔ جبکہ طارق جاوید، ضیاء اللہ شاہین، عمران خلیل نے معاونت کی۔ اجلاس میں تمام (30) اضلاع کے غزالی سکولز کی انتظامی و تعلیمی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا گیا اور مستقبل کے امکانات اور مشکلات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹر اشتیاق گوندل، سید وقاص جعفری اور سید عامر محمود نے خصوصی شرکت کی۔

## فہم قرآن کلاس کے آغاز کے لیے قرآن فنڈ کا اہتمام

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول محمود والا (بھکر) میں فہم قرآن کلاس کے آغاز کے لیے ترجمہ مع حواشی قرآن پاک کافی تعداد میں مطلوب تھے۔ جس کے لیے مقامی سطح پر قرآن فنڈ کا اہتمام کیا گیا۔ مقامی کمیونٹی نے اس کے لیے دل کھول کر امداد کی۔ کلاس سوم کے انچارج عبدالستار شاکر نے اس سلسلے میں سب سے زیادہ فنڈ اکٹھا کیا۔ چنانچہ اس امداد سے 22 قرآن پاک خریدے گئے۔ اور سکول میں فہم قرآن کلاس کا آغاز کر دیا گیا۔

# ہمارے مہمان



ڈاکٹر عمران، سید عامر محمود اور جولیس وارڈ کے ہمراہ

**{ڈاکٹر شعیب}** بحرین سے ڈاکٹر شعیب نے اپنی مصروفیات میں سے قیمتی وقت نکال کر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے مختلف ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز، ڈاکٹر اشتیاق گوندل سید وقاص جعفری، سید عامر محمود، عامر چیمہ سے ملاقات کی۔ دوران ملاقات غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی حالیہ تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔



ڈاکٹر شعیب، سید عامر محمود، عامر چیمہ اور محمد عابد کے ہمراہ

**{ڈاکٹر عمران}** برطانیہ سے ڈاکٹر عمران نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی پاکستان میں علمی کاوشوں کا جائزہ لینے کے لیے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ انہوں نے ڈاکٹر اشتیاق، سید وقاص اور سید عامر سے ملاقات کی۔ ڈاکٹر عمران جو کہ ریڈیو رمضان گلاسکو کے ذمہ دار بھی ہیں، نے ٹرسٹ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ریڈیو رمضان گلاسکو ٹرسٹ کے ساتھ تعاون جاری رکھے گا۔

## [ مقامی عطیات سے شجرکاری مہم ]

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ہائی سکول اڈا پل 93 فیصل آباد شمالی میں مقامی عطیات سے شجرکاری کی گئی۔ طلباو طالبات، اساتذہ اور مقامی کمیونٹی نے بھرپور طریقے سے اس میں حصہ لیا۔ مقامی عطیات کی مد سے جو رقم اکٹھی ہوئی اس سے سکول میں پودے لگائے گئے۔ پودوں کی آبیاری کے لیے مقامی شخص نے سکول کو موٹر پمپ کے لیے نقد رقم دی۔

## [ غزالی سکول مرالہ میں لوکل سکول کمیٹی کا قیام ]

غزالی سکول مرالہ (منڈی بہاؤ الدین) میں نئی لوکل سکول کمیٹی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ کمیٹی کے صدر ڈسٹرکٹ منیجر عبدالحلیم قاضی جبکہ منظور حسین، محمد عارف، حافظ افضل، ارشد اقبال، محمد اسلم، احسان اشرف اور محمد زبیر ممبران ہوں گے۔ افتتاحی اجلاس میں صدر لوکل کمیٹی نے کمیٹی کے اغراض و مقاصد کے بارے میں ممبران کو آگاہ کیا۔

## [ فن فیئر میلہ ]

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول مستالہ میں طلباو طالبات کے لیے فن فیئر میلہ کا اہتمام کیا گیا۔ فن فیئر میلہ میں طلبہ و طالبات کی ہم نصابی سرگرمیاں دیکھنے کے لیے والدین اور مقامی لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بچوں نے مختلف کھیلوں، نغموں، ادبی اور تصویری مقابلوں میں حصہ لیا۔ تمام پروگراموں کی میزبانی کے فرائض مس نادیہ نے انجام دیے۔

## ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ کے وفد کی مختلف بین الاقوامی اداروں کے ذمہ داران سے ملاقاتیں

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے شعبہ آر ایم ڈی کے محمد طارق، جوزف ٹیلر، محمد عابد نے قطر چیرٹی (Qatar Charity)، پلان انٹرنیشنل (Plan International)، ٹی وی او (TVO)، سیڈا (CIDA)، سیو دا چلڈرن (Save the Children)، پی ایف ایل (PFL) اور اس طرح کے دیگر بین الاقوامی فلاحی اداروں کے ذمہ داران سے ملاقاتیں کی۔ ان ملاقاتوں کا مقصد غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تعارف کے ساتھ ساتھ مستقبل میں ان ادروں سے روابط کو مضبوط بنانے کے لیے تجاویز و حالات کا جائزہ تھا۔ اس حوالے سے وفد نے بتایا کہ تمام فلاحی اداروں نے ٹرسٹ کی تعلیمی جدوجہد کی تعریف کی۔ اور مستقبل میں ٹرسٹ کے ساتھ روابط کو مضبوط بنانے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے نیٹ ورک میں مزید وسعت کے لیے تعاون کا حصول ملاقاتوں کے ایجنڈا کا حصہ تھا۔

## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سکولز میں سالانہ تقریبات، طلباو طالبات، والدین اور مقامی کمیونٹی کی بھرپور شرکت

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سکولز پیر کوٹ سدھانہ جھنگ، 232 گ۔ ٹوبہ، میانوال رانجھا۔ منڈی بہاؤ الدین، گوجرہ موڑ۔ جھنگ، غزالی سکولز وہاڑی، لیٹی۔ چکوال، نصیر والا میانوالی، شاہو خیلاں، ملکیانہ۔ گجرات، غلاماں، بھکر، 174 پکیواں فیصل آباد میں تعلیمی سال کے اختتام پر سالانہ تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ ان تقریبات میں مہر منیر ایڈووکیٹ، نواز سدھانہ، مہر احسان اللہ (ڈسٹرکٹ مینیجر)، عارف سلیم، حافظ ریاض، ممتاز دولتانہ، عبدالستار، افتخار احمد، محمد لطیف امتیاز احمد گوندل، عبدالحلیم قاضی، ضیا اللہ شاہین، طارق پرویز ملک ریاض، ملک محبوب، ملک نور خان، ملک شجاعت علی، ملک اختر حسین نمبردار، امیر جعفر خان، اسلم خان، عبدالکریم، غلام شبیر، حافظ محمد ثابت، شاہد اقبال، اسلم خان، جاوید اکبر مہر، بشیر احمد رانجھا، حاجی مہدی، سید عباس علی، اسلم خان، امیر خان، مولانا عبدالستار، پروفیسر طاہر ملک، نصر اللہ چودھری، حاجی طفیل وڑائچ، حافظ محمود احمد شاد، طاہر اقبال چودھری، میاں خالد محمود، ڈاکٹر غلام حسین، رضا محمد قادری مہمانان خصوصی تھے۔ طلباو طالبات صائمہ ممتاز، قمر حسین، نورین اقبال، بینش امتیاز، اعجاز کوثر، ارم نواز، ارم بی بی، صفیہ احمد، احمد علی، اورنگ زیب، اظہر عباس، مظہر عباس، تسکین ظفر، عبد المتین، اسامہ افتخار، مدثر لطیف، سبطین ابرار، نمرہ طارق جمیرا نسرین، اقصیٰ، خیر النسا، قیصر اقبال، یاسر فیض، محمد اسد، ناصر خان، ذیشان احمد، تنویر احمد، رفیق، ساجد مشتاق، مہوش رشید، محمد عاشر، سعد افضل نے تلاوت، نعتیں، تقاریر، ڈرامے، ملی نغمے پیش کیے۔ ان تقریبات میں والدین، مقامی کمیونٹی کی بڑی تعداد شرکت کی۔ اسی طرح غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول مولو آنی فیصل آباد میں ڈاکٹر محمد اشرف، ڈونگی کلاں میں پھولبر سلطانہ، عامر نواز، قاری ظفر اللہ، مستالہ میں عامر نواز، بھگوال میں جمیل انجم، چونڈرہ میں مہر احسان اللہ، احمد خان والا میں ہاشم خان، 183 ٹوبہ میں غریب حسین نسیم، ڈاکٹر زاہد ستار، 173 فیصل آباد میں خالد محمود، ستیانہ جڑانوالہ میں ظہو عاصم اعوان اور رائے محمد شریف مہمان خصوصی تھے۔ غزالی سکولز شادمان لنڈ، سرفراز والا، ناڑی، دبئی ٹاؤن، ٹبی ایسران، چھابری بالا، کوٹ مبارک، دائرہ دین پناہ، نوروالا، عثمان کوریا، سگیال اور 79 ج۔ ب میں بھی تقریبات ہوئیں۔

# دورہ جات

## شہید الحق ظفر کا زلزلہ زدہ علاقوں کے سکولز کا دورہ

مینیجر پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام شہید الحق ظفر نے، پروگرام آفیسر ایل اے سی ڈی حافظ شبیر الدین، پروگرام آفیسر عمران خلیل اور ڈسٹرکٹ مینیجر مانسہرہ محمد عالمگیر کے ہمراہ زلزلہ زدہ علاقوں میں غزالی سکولز کا دورہ کیا۔ انہوں نے بٹ کرڑ، بسیاں سکولز کی تعمیرات کا جائزہ لیا اور مانسہرہ میں نئے قائم ہونے والے سکولز کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے طلبا و اساتذہ کو اپنا اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا نام روشن کرنے کے لیے دلجمعی سے محنت کرنے کی تلقین کی۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے فاؤنڈیشن آف فیتھ فل (FOF) کے تعاون سے مانسہرہ کے قریبی دیہات کشتزہ حدو باندی، فیض آباد اور رنڑہ میں نئے سکولز قائم کیے ہیں۔

## ضیاء اللہ شاہین کا دورہ فیصل آباد و جھنگ

پروگرام کوارڈینیٹر پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام ضیا اللہ شاہین نے فیصل آباد (شمالی) کے غزالی سکولز ملہو آنی، جنڈانوالہ، 19/GB، بچیانہ منڈی اور گنگاپور کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے تعلیمی اور انتظامی معاملات کا جائزہ لیا۔ اس طرح انہوں نے جھنگ کے دس سکولز کا بھی دورہ کیا۔

## طارق جاوید کا دورہ سکولز

پروگرام کوارڈینیٹر پریپ طارق جاوید نے غزالی سکولز کوٹ خضری گجرانوالا، دھکڑ گجرات اور غزالی سکولز ڈھاک، شاہین کالونی، ذاکر آباد، آدھی کوٹ، 43/DB اور رنگپور بگھور کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے سٹاف میٹنگز، مقامی کمیونٹی سے میٹنگز کے علاوہ سکولز کے تعلیمی و انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اساتذہ اور طلبا کو ہدایات اور تجاویز دیں۔

## فریج، ساؤنڈ سسٹم، واٹر پمپ، سیلنگ فین کے عطیات
## مقامی لوگوں کا ٹرسٹ سے محبت کا اظہار

سرگودھا شمالی میں غزالی سکول چک نمبر 81 جنوبی کو مقامی کمیونٹی کی طرف سے فریج دیا گیا۔ چک نمبر 2 رکھ دھریمہ کو تقاریب کے انعقاد کے لیے ساؤنڈ سسٹم جبکہ چک نمبر 58 شمالی کے لیے اسی سکول کے سابق طالب علم عمر فاروق نے واٹر پمپ عطیہ کیا۔ ڈسٹرکٹ مینیجر فاروق حیدر مرزا نے مقامی پرنسپلز کے ہمراہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے لیے عطیات والے افراد کا شکریہ ادا کیا۔ فاروق مرزا نے پرنسپلز کو ٹرسٹ کی سرگرمیوں میں زیادہ سے زیادہ مقامی لوگوں کی شرکت کو یقینی بنانے کے لیے ہدایات اور تجاویز دیں۔ اسی طرح غزالی سکول محمود والا بھکر کے لیے ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول جہان والا سیف اللہ خان نے ایک سیلنگ فین (Celling Fan) عطیہ کیا۔ جس پر پرنسپل اور اساتذہ نے ان کا شکریہ ادا کیا۔

## فیصل آباد میں اساتذہ کے لیے ورکشاپ


غزالی سکول بچیانہ (فیصل آباد) میں اساتذہ کی پیشہ وارانہ تربیت کے لیے ایک روزہ ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ ورکشاپ میں جدید تعلیمی رجحانات کے بارے میں لیکچرز ہوئے۔ اساتذہ نے بھرپور استفادہ کیا۔

## تفریحی دورہ


غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول چک نمبر 267 چونڈرہ کے طلبا و طالبات نے اساتذہ کے ہمراہ گٹ والا پارک، اقبال پارک فیصل آباد کا تفریحی دورہ کیا۔ بچوں نے جھولوں سے استفادہ کے ساتھ ساتھ کشتی رانی میں بھی دلچسپی لی اس موقع پر اساتذہ بچوں سے گھل مل گئے۔ ایک استاد نے بچوں کو فیصل آباد کی صنعتی اہمیت اور تاریخ سے آگاہ کیا۔



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول چونڈرہ کے طلبا کا تفریحی دورے کے موقع پر گروپ فوٹو



ضلع بھکر میں وظیفہ کے امتحان میں تیسری پوزیشن لینے والے طالب علم محمد نعمان کو ڈی ای او امیر جوئیہ چیک دے رہے ہیں۔



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول میں منعقدہ تقریب میں مہمان خصوصی پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم کو ٹرافی دے رہے ہیں۔

## Mangat attends the RI Convention.

Mr. Mushtaq Mangat (General Secretary GET) attended annual Rotary International (RI) Convention held at Los Angeles, USA, from 15 to 18 June. Mr. Mangat held meetings with foreign delegations there. He also met with RI president, Mr. Dong Kurn Lee and discussed matters of future collaboration. Mr. Mangat told that RI president showed his keen interest in the educational activities of GET. Mr. Mangat presented the future projects of GET regarding provision of different educational facilities for the students of GET schools. The projects were appreciated by the participants.



Los Angeles (US): Mushtaq Mangat ( 2nd left) & President RI Mr. Dong Kurn Lee (center) with other participants at RI Convention.

## ڈسٹرکٹ مینیجر وقار احمد گوندل کی ایس پی ڈی این اور ایس پی او کے تحت ملکی حالات پر منعقدہ سیمینار میں شرکت

سرگودھا میں ملکی حالات پر منعقدہ سیمینار میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ڈسٹرکٹ مینیجر وقار احمد گوندل نے شرکت کی۔ (Sargodha Participatory Development Organization) اور (Strengthening Participatory Network) کے تحت سیمینار میں ریڈیو پاکستان کی میزبان مس سدرہ ، ایس پی او کے کوارڈینیٹر سلیمان عابد نے بالترتیب سٹیج سیکرٹری اور صدارت کے فرائض سر انجام دیے۔صدر ڈسٹرکٹ بار سرگودھا شمس نوید چیمہ مہمان خصوصی تھے۔دیگر مقررین میں مسعودالحسن سجرا، پروفیسر یوسف خالد، حسین ا... گوندل، ذیشان کرسٹوفر، مس توصیف اور روبینہ بھٹی شامل تھے۔

### چرچ ورلڈ سروس کی ٹریننگ ورکشاپ میں شرکت

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سٹاف ممبرز جولیس وارڈ، سراج الرحمٰن اور افتخار عالم نے چرچ ورلڈ سروس کی دو روزہ ٹریننگ ورکشاپ (EXPO CWS) میں شرکت کی۔ٹریننگ میں کئی فلاحی اداروں کے افراد کو مدعو کیا گیا تھا۔ورکشاپ میں دوسرے اداروں کے بارے میں جاننے اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تعارف کا موقع بھی ملا۔اس موقع پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور چرچ ورلڈ سروس کے درمیان تعلیمی سرگرمیوں کے حوالے سے تعاون کو مزید فروغ دینے پر غور بھی کیا گیا۔

### الوداعی پارٹیاں

غزالی سکول بلوال میں جماعت ہشتم کے طلبا وطالبات کو نئی جماعت ہشتم نے الوداعی پارٹی دی۔تمام اساتذہ، پرنسپل نے شرکت کی۔اس طرح غزالی سکول محمود والا (ا) بھکر میں کلاس پنجم کے طلباوطالبات نے فارغ ہونے والے کلاس پنجم کے طلبا وطالبات کو الوداعی پارٹی دی۔مہمان خصوصی ڈسٹرکٹ مینیجر اسلم خان تھے۔اس تقریب میں پرنسپل محمد حسن محسن سمیت 11 اساتذہ نے شرکت کی۔حافظ عتیق الرحمٰن نے طلبا کی کامیابی کے لیے دعا کروائی۔

### ڈاکٹر سید وسیم اختر کا دورہ

سابق ممبر صوبائی اسمبلی ڈاکٹر سید وسیم اختر نے ڈسٹرکٹ مینیجر جاوید اقبال اخوان اور منیر احمد کے ہمراہ غزالی سکول شادن لنڈ کا دورہ کیا، کلاسز کا جائزہ لیا اور سکول کی کارکردگی کو سراہا۔انہوں نے اساتذہ اور طلبہ وطالبات کو محنت کرنے کی تلقین کی اور مقامی کمیونٹی سے ٹرسٹ کے ساتھ تعاون کے لیے بھی اپیل کی ڈاکٹر وسیم اختر اور منیر احمد نے اس موقع پر ٹرسٹ کے لیے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## غزالی ماڈل سکول 427/6-R بہاولنگر میں خواتین اساتذہ کے لیے ورکشاپ

غزالی ماڈل سکول 427/6-R بہاولنگر میں خواتین اساتذہ کے لیے " کلاس مینجمنٹ اور ٹیچنگ میتھڈ " کے موضوع پر ورکشاپ ہوئی۔ماسٹر ٹریز آفاق کامران رفیع اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے طارق جاوید اور پروفیسر حمید اللہ خان نے لیکچرز دیے۔خواتین اساتذہ نے گروپ ڈسکشن میں حصہ لیا۔اور مختلف پیشہ وارانہ امور پر تبادلہ خیال کیا۔




خواتین اساتذہ ’جدید تعلیمی رجحانات‘‘ پر ورکشاپ میں شریک ہیں۔

## منڈی بہاؤالدین میں خواتین اساتذہ کے لیے ورکشاپ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز منڈی بہاؤالدین کی خواتین اساتذہ کے لیے غزالی سکول پاہڑیانوالی میں پیشہ وارانہ مہارت پر ایک روزہ ورکشاپ ہوئی جس میں (36) اساتذہ نے شرکت کی۔ضیاء اللہ شاہین، ندیم اشرف باجوہ، جولیس وارڈ اور عبدالحلیم قاضی نے خطاب کیا۔اس موقع پر مقررین نے مختلف پیشہ وارنہ موضوعات پر گفتگو کرتے ہوئے پاکستان میں تعلیمی مواقعوں اور مشکلات کے بارے میں وضاحت کی خواتین اساتذہ کو گروپ ڈسکشن کا موقع دیا گیا اور انہیں تعلیمی مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کے لیے تجاویز دی گئیں۔

Designing & Printed By: Click Works-0300-4232803

## Vice Chairman Visits Bahrain and UAE

*Vice Chairman of Gahzali Education Trust Dr.Ishtiaque Gonadal visited Bahrain and UAE last month. During his four day visit to Bahrain, he met with the officials of Jamiat-ul-Islah, a well-known welfare organization in Bahrain and planned how to strengthen their existing collaboration with GET. (GET is already working with Jamiat-ul-Islah).*

*Dr. Ishtiaq met with Pakistani officials working in the different organizations of Bahrain and briefed them about the activities of GET. A big gathering of Pakistani women residing in Bahrain watched the documentary of GET at the residence of Mr. Muzammil and appreciated GET's work. They also promised to extend their support to GET in its activities. During his stay in Abu Dhabi, Dr. Ishtiaq attended a seminar on education. He delivered a lecture on "Future of Education in Pakistan". The seminar was held in the Islamic Centre and a large number of the people from Pakistani community attended it. In Dubai, he attended a dinner hosted by Pakistan Association. The president of Pakistan Association Haji Riaz Farooq paid tribute to the work of GET in the rural areas of Pakistan.*

*Dr. Ishtiaq also attended three seminars organized by private schools in Sharja and Dubai.*

## Resource Mobilization Department on move

Members of the Resource Mobilization Department have started searching for the new avenues and possible partnership/collaboration with the national & international organizations to extend the chain of educational activities to more areas by opening new schools in the rural areas of Pakistan. In this regard members of RMD held meetings with several organizations in Islamabad and Lahore. A delegation comprising of Mr. Joseph Taylor, Mr. M. Tariq and Mr. Abid called on the officials of Qatar Charity, Plan International, TVO (Trust for Volunteers Organization), CIDA (Canadian International Development Agency), Save the Children & PPF in their Islamabad offices. in the following week meetings were held in the Lahore offices of UNICEF and CWS. Matters related to mutual interest, promotion of literacy in the rural areas and possibility of any mutual cooperation were discussed in the meetings at length. The meetings were fruitful in terms of exchanging ideas and benefiting from the experiences of both sides.


## Shaheed-ul-Haq visits schools of earthquake affected areas

Manager Pakistan Rural Education Program (PREP) Shaheed-ul-haq Zafar along with Progarmme Officer PREP Imran Khalil and Program Officer Land Acquisition and Construction Department, Hafiz Sahbir-u-Din visited GET schools situated in earthquake affected areas. They visited schools in Bissian, Bat Karar, Kushtara, Hudo Bandi, Faiz Abad and Nara. These schools are running with the collaboration of Foundation of Faithful (FOF). During the visit Mr. Shaheed advised the students, teachers and administration of the schools to work hard for their own success and for the realization of the dream of GET.

## Teachers Training workshops.

Research & Development Department (R&D) organized the following training session during the last quarter.

| s.no | Name | Place | Participants |
|---|---|---|---|
| 1 | Leadership Training Program | Hair Training Centre (HTC) LHR. | 30 Principals |
| 2 | Fahm-e-Din (Understanding Religion) | HTC. LHR. | 31 Principals, Teachers |
| 3 | Child Psychology | GET School,Dhreema(Sarghoda) | 55 Teachers |
| 4 | Teachers Training (General) | GET Model School,Bahawalpur | 25 Teachers |
| 5 | Content Competency | HTC.LHR | 27 Teachers |
| 6 | Teacher Training (General) | GET School Faisalabad (South) | 50 Teachers |
| 7 | Teacher Training (General) | GET School Faisalabad (North) | 35 Teachers |
| 8 | Teacher Training (General) | GET School Jhang | 55 Teachers |
| 9 | Teacher Training (General) | GET School Toba Tek Singh | 44 Teachers |
| 10 | Teachers Training (General) | GET School Mandee Baha-u-Din | 36 Teachers |




Syed Waqas, Aamir Cheema, Jamshid Khan, Dr. Adrees addressing Teacher Training Workshop at GET Resource Center.


E-mail: info@get.org.pk visit us: www.get.org.pk
GHAZALI NEWS

## GET President delivers lecture in Civil Services Academy

Syed Waqas Jafri ( President Ghazali Education Trust) was invited by the Civil Services Academy to a discussion on the topic "Implication of Education". He delivered a lecture on the topic to the new badge of officers. Besides him Dr.Allah Bakash (Director Punjab Education Foundation) and Nasreen M.Kasuri (Chairperson Beacon House School System ) were also invited. The three eminent scholars discussed the challenges and opportunities of education in Globe with special reference to Pakistan.

## ED and Aamir Cheema widen horizons

Executive Director Ghazali Education Trust, Syed Aamir Mahmood and Member Board of Directors Aamir Mehmood Cheema have been on a visit to European countries during the months of June and July. The purpose of their visit was to find ways of collaboration and to introduce Ghazali Education Trust's educational activities. They visited UK, Norway, Sweden, Germany, Spain and France. In a program held in Islamic Cultural Centre (ICC) Oslo (Norway), Syed Aamir introduced GET activities and made an appeal to share shoulders with GET. They held a meeting with Syed Rizwan (President ICC), Waqas Waheed, Choudhri Azher Ali, Tayyab Mian, Nazar Hussain Abbas, Iftikhar and other friends to seek help for GET. In Stockholm Choudhary Akhlaq and Muhammad Kaleem extended their support to GET. The ED, informed a gathering in Ayesha Masjid and Faroos-e-Quran sittings of women of the recent educational activities and projects of GET. During his stay in Hamburg (Germany), the local community in Islamic Cultural Centre showed interest to work on common platform of GET and ICC in the field of education in Pakistan. GET pays its cordial gratitude to Muhammd Akram, his family, Khawar Minhas and President ICC for their generous hospitality during the visit and their selfless support.



ED & Aamir Cheema with hosts in Oslo (Norway).

## More candles of knowledge

*Ghazali Education Trust has opened 4 new schools in villages in the vicinity of Rawalpindi and 2 more villages in district Gujranwala. The names of the villages where new schools have been opened near Rawalpindi are Jatle, Deha, Jurmoot and Kontrela. In district Gujranwala, schools have been opened in Peer Kot Khezri and Wayan wali. People from all walks of life of the communities joined in the openning ceremonies of the schools. They congratulated GET administration for these projects. The people of the villages had felt the need of good schools for years . To address the long standing educational needs of these areas, GET has successfully started new schools there. People of the areas appreciated the revolutionary step of GET for education. They warmly welcomed these new projects hoping that their children world be able to receive quality education. This is a great opportunity for the poor and needy students to continue their education with the support of GET.*

## State may be limping but society alive: Dr. Ishtiaq

"Pakistani State may be limping but the Pakistani society is alive and vibrant." This was the message given by Prof. Dr. Ishtiaq Gondal, Vice-Chairman Ghazali Education Trust and a renowned educationist before a selected gathering of notable Pakistanis at a dinner-reception given in his honor. Choudhry Bashir Ahmed of Pakistan Investors Forum, Riyadh hosted the event at a local hotel in Riyadh, KSA.



Dr. Ishtiaq with hosts & journalist in KSA.

At the occasion he also introduced Ghzali Education Trust's educational contribution in Pakistani society and appealed to the people to extend their support to GET.

Choudhry Bashir Ahmed (the host), Asghar Qureshi, Rana Rauf, Arshad Shaikh, Faiz Al-Najdi, Javed Qureshi, Saeed Moghul, Shahjahan Sherazi, Ali Asif, Maqsood Ahmed, Choudhry Mumtaz and Javed Iqbal Faiz also spoke on the occasion. Al-Najdi moderated the entire program. The program concluded with a poetry recitation of Amjad Islam Amjad, a famous Pakistani writer and poet by the Chief Guest followed by a sumptuous dinner.

## Quran and Computer Classes in GET schools Meeran Abad (Jhelum).

The Holy Quran and Computer classes were arranged for the students of GET schools Meeran Abad, a village near Jhelum. The students gained benefit of the greater understanding of the basic teachings of the Quran and IT skills. The local community congratulated GET on this fruitful activity for their children.

## New Members of Executive Committee.

The President of Ghazali Education Trust, Syed Waqas Jafri, appointed twonew members for the executive committee (Excom) eminent analyst Mr. Ibrahim Mughal and HR consultant Mr. Abdul Ghaffar Ghaffari are among newmembers. Now Excom consists of 9 persons.

## Annual Prize Distribution Ceremonies , LSC Meetings and PTM held in GET Schools.

In all Ghazali Education Trust schools annual prize distribution ceremonies have been held. In the ceremonies students were encouraged who have got positions in examinations. In the functions, students presented different co-corriculum activities like Telawat( Reciting Quran), Naat (Praising Prophet(SAW), Debates, National Songs and Dramas. Parents Teachers Meetings (PTM) and Local School Committee (LSC) meetings also held in all schools to review planning for GET schools.